# آئین کے کوائف

آئین برائے ادارہ کا نام-----------------------------------------------

**دفعہ نمبر۱**

ادارہ کا نام-----------------------------------------------

**دفعہ نمبر۲**

ادارہ کا صدر دفتر کا پتہ-----------------------------------------------

**دفعہ نمبر۳**

ادارہ ہذا کی سرگرمیوں کا علاقہ-----------------------------------------------

**دفعہ نمبر۴**

**خدمات کی اقسام:**

۱۔ بہبود اطفال    ۲۔ جسمانی اور ذہنی طور پر معذور افراد کی بہبود    ۳۔ بہبودی نوجوان    ۴۔ خاندانی منصوبہ بندی

۵۔ تفریحی مشاغل    ۶۔ معاشرتی تعلیم    ۷۔ بہبودی خواتین    ۸۔ جیل سے رہا ہونیوالوں کی آبادکاری

۹۔ نوعمر خطا کاروں کی بہبود    ۱۰۔ معاشرہ میں قبول نہ کیے جانے والے افراد کی بہبود    ۱۱۔ بھکاریوں، بے نواؤں اور محتاجوں کی بہبود

۱۲۔ مریضوں کی بہبود اور آبادکاری    ۱۳۔ عمر رسیدہ اور اپاہج افراد کی بہبود    ۱۴۔ معاشرتی خدمات تربیت/کمیونٹی موبلائزیشن

۱۵۔ معاشرتی بہبود کے اداروں میں ربط باہمی    ۱۶۔ تحفظ ماحولیات/تحفظ وائیلڈ لائف

**ادارہ کے اغراض و مقاصد ذیل ہوں گے (اوپر دی گئی خدمات کی اقسام سے منتخب کریں):**

(ا) -----------------------------------------------

(ب) -----------------------------------------------

(ج) -----------------------------------------------

(د) -----------------------------------------------

(ر) -----------------------------------------------

(ہ) -----------------------------------------------

(و) -----------------------------------------------

**دفعہ نمبر۵**

**(الف) شرائط برائے رکنیت:**

(۱) ہر سٹیٹ سبجیکٹ ادارہ ہذا کا رکن بن سکتا ہے بشرطیکہ وہ ذہنی طور پر متوازن ہو۔

(۲) اس کی عمر اٹھارہ سال سے زائد ہو۔

(۳) اچھے اخلاق و کردار کا مالک ہو نیز کسی اخلاقی الزام یا جرم میں کسی بھی قانون نافذ کرنے والے ادارہ یا عدالت کو مطلوب نہ ہو۔

(۴) ادارہ ہذا کے اغراض و مقاصد دستور ہذا سے متفق ہو۔

(۵) چندہ رکنیت ادا کرے۔

(۶) سرگرمیوں کے علاقے میں مستقل رہائش رکھتا ہو یا کاروبار کرتا ہو۔

Scanned with CamScanner

(ب) **اقسام رکنیت:**

**عام رکنیت:**

جوشخص مبلغ.................روپیہ ماہانہ/سالانہ چندہ رکنیت ادا کرے وہ ادارہ ہذا کا رکن بن سکتا ہے۔

(۲) **تاحیات رکنیت:**

جوشخص یکمشت مبلغ.................روپیہ چندہ رکنیت ادا کریگا ادارہ ہذا کا تاحیات رکن بن سکتا ہے۔

(۳) **اعزازی رکنیت:**

جوشخص علم تجربہ اور سماجی بہبود کے کاموں میں دلچسپی رکھنے کی وجہ سے یا کسی ایسے ادارہ سے تعلق رکھتا ہو جو ادارہ ہذا کے مقاصد میں ممد ثابت ہوسکے۔ مجلس انتظامیہ کی منظوری سے ادارہ ہذا کا رکن نامزد کیا جاسکتا ہے ایسے افراد کے لئے ادارہ کی سرگرمیوں کے علاقہ میں سکونت پذیر ہونا یا مستقل کاروبار کرنا ضروری نہیں اور نہ ہی اس پر چندہ رکنیت واجب ہوگا۔

(۴) **سرپرست:**

ہر وہ شخص جسے مجلس انتظامیہ ادارہ کے فروغ کے لئے مناسب سمجھے اس شخص کو سرپرست بننے کے لئے درخواست کریگی۔ سرپرست بننے کے لئے لازمی ہوگا کہ وہ مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔روپیہ یکمشت ادارہ کو عطا کرے ادارہ بخوشی اس منصب کو قبول فرماوے۔

(ج) **طریقہ کار برائے رکنیت:**

(۱) ہر شخص جو آئینی طور پر رکنیت کے قابل ہو اور تاحیات یا عام رکن بننا چاہے وہ مجوزہ فارم پر مجلس انتظامیہ کو درخوات کرے گا۔

(۲) مجلس انتظامیہ ایسی درخواست مسترد کرنے کی صورت میں تحریراً وجہ بتائے گی۔

(۳) ادارہ ہذا کی رجسٹریشن کے بعد۔ نئے یا منسوخ شدہ ممبر کی رکنیت کی صورت میں، رجسٹریشن اتھارٹی کی منظوری لینا ضروری ہوگا۔

(۴) ادارہ ہذا کی مجلس انتظامیہ آئین کی دفعہ ۵ (ب) ۳ کے مطابق کسی شخص کو اعزازی رکن نامزد کرسکتی ہے۔ تاہم یہ رکنیت تابع منظوری رجسٹریشن اتھارٹی ہوگا۔

(۵) ہر وہ شخص جو آئین کی دفعہ (۵) (ب) ۴ میں مندرج شرائط کو پورا کریگا سرپرست بن سکے گا۔ تاہم یہ تابع منظوری رجسٹریشن اتھارٹی ہوگا۔

(ر) **حقوق رکنیت:**

(۱) عام اور تاحیات ارکان ہی مجلس عام کے رکن ہوں گے اور انہیں ہی انتخاب میں حصہ لینے اور ووٹ دینے کا حق ہوگا۔

(۲) اعزازی رکن و سرپرست ووٹ دینے کے مجاز نہیں ہونگے تاہم ادارہ کے کام اور اجلاس میں شرکت کرسکیں گے۔

(ہ) **درخواست برائے رکنیت مسترد ہونے کی صورت میں طریقہ کار:**

ہر وہ شخص جس کی درخواست برائے رکنیت مجلس انتظامیہ مسترد کردی گئی اس کو مجلس عاملہ سے اپیل کا حق ہوگا جس کا فیصلہ آخری اور حتمی ہوگا۔

(و) **رکنیت معطل/منسوخ ہوسکتی ہے اگر:**

۱۔ رکنیت کی مدت ختم ہونے کے بعد فوری طور پر کوئی رکن چندہ رکنیت اندر 3 ماہ ادا نہ کرے تو رکنیت سے معطل ہوجائیگی، مزید براں اگر یہ رکن مزید ایک ماہ کے اندر فیس ادا نہ کرے تو اس کی رکنیت خود بخود منسوخ ہوجائے گی۔

۲۔ اگر کوئی رکن 6 ماہ تک رکنیت چندہ ادا نہ کرے تو اسکی رکنیت خود بخود منسوخ ہوجائے گی۔

۳۔ اجلاس سے مسلسل تین مرتبہ غیر حاضر رہے تو مجلس انتظامیہ یا مجلس عام کو جس کا وہ رکن ہو اس کی رکنیت منسوخی کا اختیار ہوگا۔

۴۔ مجلس انتظامیہ کے پاس معقول جواز ہو کہ کسی رکن کا کردار ادارہ کے مفاد کے منافی یا ادارے کی بدنامی کا باعث ہے تو مجلس انتظامیہ ایسے رکن سے اس کے کردار کے متعلقہ وضاحت طلب کریگی۔ وضاحت غیر تسلی بخش ہونے کی صورت میں مجلس انتظامیہ ایسے رکن کو وارننگ دے گی عدم تعمیل کی صورت میں مجلس عاملہ تین چوتھائی اکثریت سے ایسے رکن کی رکنیت تحریری وجوہ کے ساتھ منسوخ کرسکے گی۔

Scanned with CamScanner

(ز) **بحالی رکنیت کا طریقہ کار**

۱ اگر معطل شدہ رکن بقایا جات ادا کردے تو اس کی رکنیت خود بخود بحال ہو جائے گی لیکن منسوخ شدہ رکن کو دستور ہذا کے مطابق دوبارہ رکن بنانا ہوگا۔

۲ جن ارکان کا رکنیت مجلس انتظامیہ نے منسوخ کردی ہو ان کو مجلس عاملہ سے اپیل کا حق حاصل ہوگا اور مجلس عاملہ کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

**دفعہ نمبر۶**

**علاقائی دفاتر کی تشکیل اور ان کا دائرہ کار:**

۱۔ ادارہ ہذا مجلس عاملہ کی منظوری سے علاقائی دفاتر قائم کر سکے گا۔

۲۔ علاقائی دفاتر قائم کرنے کی صورت میں مجلس عاملہ کے ارکان کی تین چوتھائی اکثریت سے منظوری لازم ہوگی۔

۳۔ علاقائی دفاتر کو مجلس عاملہ یا انتظامیہ کی طرز بنانے کی ہرگز اجازت نہ ہوگی۔

۴۔ علاقائی دفاتر کو وہ حقوق و فرائض حاصل ہونگے جو مجلس انتظامیہ اسے تفویض کرے گی۔

۵۔ مجلس انتظامیہ کو ایسے تمام علاقائی دفاتر کو منسوخ/معطل کرنے کا اختیار حاصل ہوگا تاہم ایسی صورت حال میں رجسٹریشن اتھارٹی کو مطلع کرنا لازم ہوا گا۔

۶۔ ادارہ ہذا حسب ضرورت ملازم بھرتی کرسکتا ہے تاہم ایسی تقرری کی صورت میں رجسٹریشن اتھارٹی کو ایک ماہ میں تمام معلومات دینا ہونگی۔

**دفعہ نمبر۷:**

**ادارہ کا انتظامی ڈھانچہ**

ادارہ ہذا کی تنظیم مجلس عاملہ اور مجلس انتظامیہ پر مشتمل ہوگی۔

(۱) **مجلس عاملہ:**

**(الف) تشکیل:**

مجلس عاملہ ادارہ ہذا کے تمام عام و تاحیات اراکین پر مشتمل ہوگی۔

(ب) **فرائض واختیارات:**

۱ ادارہ کی پالیسی کی تشکیل کرے گی۔

۲ مجلس انتظامیہ کے ارکان کا انتخاب کرے گی۔

۳ ادارے کی کارگزاریوں اور اجلاس کی روئیداد کی توثیق کریگی۔

۴ ادارہ کی سالانہ رپورٹ پر غور کر کے فیصلہ کرے گی۔

۵ عدم اعتماد کی تحریک پر غور کر کے فیصلہ کرے گی۔

۶ دستور ہذا میں مجوزہ ترمیم کی توثیق کریگی لیکن ایسی ترامیم تابع منظوری رجسٹریشن اتھارٹی ہوگی۔

۷ ادارہ ہذا کی جانچ پڑتال اور آڈٹ کے لئے چارٹڈ اکاونٹنٹ یا آڈٹ ڈیپارٹمنٹ سے آڈٹ کروانے کی پابند ہوگی۔

۸ مجلس انتظامیہ کو طلب اور دیگر امور اور اپیلوں کا فیصلہ کرے گی۔

۹ وہ تمام اختیارات جو اس دستور میں کسی اور جگہ مجلس عاملہ کو تفویض کیے گئے ہوں استعمال کرے گی۔

(۲) **مجلس انتظامیہ**

(۱) **تشکیل**

مجلس انتظامیہ ۷ عہدیداروں اور ۱۸ اراکین پر مشتمل ہوگی جن کو مجلس عاملہ انتخاب منتخب کرے گی۔

(۱) صدر (۲) نائب صدر اول (۳) نائب صدر دوم (وومن) (۴) سیکرٹری جنرل

**(ب) فرائض واختیارات**

ا مجلس عاملہ کی پالیسی کی روشنی میں ادارہ کے اغراض ومقاصد کے حصول کے لئے کوشاں رہے گی اور مناسب عملی اقدام کرے گی۔

۲ مجلس انتظامیہ ادارہ ہذا کے تمام داخلی انتظامی اور مالی وسائل کی ذمہ دار ہوگی اور اس سلسلے میں ضروری اقدام کرے گی۔

۳ مجلس انتظامیہ عرصہ کارکردگی کے آخری نصف حصہ میں خالی ہونے والی نشست کو باقی ماندہ مدت کے لئے پُر کر سکے گی مگر عرصہ کارکردگی کے پہلے حصہ میں خالی ہونے والی نشستوں کو پُر کرنے کا اختیار مجلس عاملہ کو ہوگا۔

**عہدیداران کے فرائض واختیارات**

**(الف) صدر**

ا یہ ادارہ کا آئینی سربراہ ہوگا۔

۲ یہ ادارہ کے تمام اجلاس خواہ وہ عاملہ اجلاس ہوں یا مجلس انتظامیہ کے صدارت کرے گا۔

۳ یہ ادارہ کے مقاصد کی تکمیل کے لئے مبلغ..................روپیہ یکمشت خرچ کرنے کا مجاز ہوگا جس کی منظوری مجلس انتظامیہ کے آئیندہ اجلاس میں حاصل کرنا ضروری ہوگی۔

۴ برابر ووٹ کی صورت میں خصوصی رائے استعمال کرنے کا مجاز ہوگا جو کہ حتمی ہوگی۔

۵ ناخوشگوار ماحول میں اجلاس ملتوی کرنے کا مجاز ہوگا۔

**(ب) نائب صدر اول:**

صدر کی عدم موجودگی میں صدر کے تمام اختیارات وفرائض سرانجام دے گا۔

**(ج) نائب صدر دوم:**

صدر اور نائب صدر اول کی عدم موجودگی میں صدر کے تمام اختیارات وفرائض سرانجام دے گا۔

**(د) سیکرٹری جنرل:**

ا ہر دو مجالس کا سیکرٹری جنرل ہوگا۔

۲ صدر کے مشورے اور منظوری سے ہر دو مجالس کا اجلاس طلب کرے گا اور ایجنڈا جاری کرے گا۔

۳ باضابطہ اجلاس کی کاروائی لکھے گا جس کی توثیق صدر سے کروائے گا۔

۴ ادارہ کا ریکارڈ اپنی تحویل میں رکھے گا اور ادارہ کی جائیداد کا محافظ ہوگا۔

۵ سالانہ رپورٹ تیار کر کے مجلس انتظامیہ کی توثیق حاصل کر کے مجلس عاملہ میں پیش کرے گا۔

۶ مبلغ..................روپیہ یکمشت خرچ کرنے کا مجاز ہوگا اور وہ تمام مجلس انتظامیہ کے آئیندہ اجلاس میں لینی ضروری ہوگی۔

۷۔ تمام اجلاس، خواہ وہ کسی بھی نوعیت کے ہوں، کی رپورٹ رجسٹریشن اتھارٹی کو ارسال کرنے کا پابند ہوگا۔

**(ر) ڈپٹی سیکرٹری جنرل (وومن)**

سیکرٹری جنرل کی عدم موجودگی میں اس کے اختیارات وفرائض سرانجام دے گی اور وہ تمام امور سرانجام دے جو سیکرٹری جنرل بطور معاون اسے تفویض کرے گا۔

صدر سیکرٹری جنرل سیکرٹری مالیات

Scanned with CamScanner

(ز) **سیکرٹری مالیات:**

ا مالی اموراورآمدن وخرچ کا ذمہ دار ہوگا۔

۲ آمدوخرچ کی ماہوار/سالانہ رپورٹ مجالس انتظامیہ/عاملہ کے اجلاس میں پیش کرے گا۔

۳ مقرر شدہ چارٹرڈ اکاونٹنٹ یا آڈٹ ڈیپارٹمنٹ سے آڈٹ کروائے گا نیز اسکی رپورٹ رجسٹریشن اتھارٹی کوارسال کرے گا۔

۴ ادارہ کی تمام رکنیت چندہ وعطیات کی کاپیاں اپنی تحویل میں رکھے گا اور متعلقہ افراد کو رسید جاری کرے گا۔

۵ تمام رقوم وحصول کرکے ادارہ کے بینک میں جمع کرائے گا۔

۶۔ مبلغ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تک برائے اخراجات اپنی تحویل میں رکھنے کا مجاز ہوگا۔

(ہ) **سیکرٹری نشرواشاعت**

تشہیراورتعلقات عامہ کا ذمہ دار ہوگا۔

**عہدیداران کے دیگر اختیارات:**

مندرجہ بالا اختیارات کے علاوہ تمام عہدیداروں کو وہ اختیارات حاصل ہوں گے جوانہیں اس آئین میں کسی اور جگہ تفویض کئے گئے ہوں۔

**دفعہ نمبر ۸**

**اجلاس بلوانے اور منعقد کرنے کا طریقہ کار:**

ا ہردومجالس کے اجلاس کے لئے اراکین کوایجنڈا بھیجنالازمی ہوگا۔

۲ اگراراکین کے بار باراصرار پربھی صدر یاسیکرٹری جنرل ادارہ ہذا کی مجلس عاملہ یا مجلس انتظامیہ کااجلاس نہ بلائیں تو مجلس کے کم ازکم 1/3 اراکین سات دن کانوٹس برائے طلبی انتظامیہ یاعاملہ کااجلاس صدر یاسیکرٹری جنرل کودیں اگرتب بھی نہ بلایاجائے تو متعلقہ اراکین خودحسب دستوراجلاس بلانے کے مجاز ہوں گے اوراجلاس کاایجنڈا بذریعہ رجسٹری متعلقہ اراکین کوبھیجاجائے اورایسے اجلاس کے فیصلے آئینی ہوں گے۔

۳۔ مجلس عاملہ یامجلس انتظامیہ کی مجموعی تعداد کے ایک تہائی اراکان کے تحریری مطالبے پرادارہ کے کسی عہدیداروں کے خلاف تحریک عدم اعتماد صرف مجلس عاملہ کے اجلاس میں اٹھائی جاسکے گی۔جس کی منظوری کے لیے 3/2 حاضر ارکارن کی منظوری لازمی ہوگی۔

(ب) **معیادنوٹس وکورم اجلاس:**

ا انتخابات کے لیے 15 ایام،اجلاس مجلس عاملہ کے لیے 10 ایام قبل اجلاس مجلس انتظامیہ کیلیے 5 ایام قبل اورہنگامی اجلاک کے لیے 24 گھنٹے قبل نوٹس دینالازم ہوگا۔

۲ ہراجلاس کے لئے کل ارکان کی کم ازکم 3/4 حاضری ہوگی بصورت دیگراجلاس ہذابلاکارروائی ملتوی کردیاجائے گا۔

۳ سال میں مجلس عاملہ کے کم ازکم 2 اجلاس لازمی ہونگے۔

صدر سیکرٹری جنرل سیکرٹری مالیات

Scanned with CamScanner

**انتخابات:**

۱ پندرہ رکنی مجلس انتظامیہ کے عہدیداران وارا کین کے انتخابات ہر تین سال بعد ماہ جون کے دوران منعقد ہوا کریں گے نئی انتظامیہ یکم جولائی سے اپنا چارج سنبھال لے گی۔

۳۰ جون کے بعد پرانی انتظامیہ کا ادارہ کے انتظامی امور و بینکوں کے حسابات کے متعلق قطعاً کوئی قانونی تعلق نہیں ہوگا۔

۲ انتخابات کا فیصلہ اراکین کی اکثریت سے ہوگا۔ تاہم اگر دو سے زیادہ امیدوار ایک ہی عہدہ کے لئے انتخابات میں حصہ لے رہے ہوں اور کوئی عہدیدار ۵۰ فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کرنے میں کامیاب نہ ہو تو دو سب سے زیادہ ووٹ لینے والے امیدواروں میں مقابلہ ہوگا۔

۳ انتخابات کا انعقاد متعلقہ سوشل ویلفیئر آفیسر کی زیر صدارت تین رکنی کمیٹی کرائے گی۔ کمیٹی کے ممبران کسی عہدے کے امیدوار نہ ہوں گئے۔

۴ اگر بروقت انتخاب عمل میں نہ لائے جاسکیں تو رجسٹریشن اتھارٹی یا متعلقہ سوشل ویلفیئر آفیسر ادارے کے عام اراکین میں سے پانچ رکنی کمیٹی نامزد کرے گا۔ جو عارضی طور پر انتظامی امور کی دیکھ بھال کرے گی اور جلد از جلد انتخابات منعقد کروائے گی۔ تاہم یہ کارروائی کسی صورت میں تین ماہ سے تجاوز نہیں کرے گی۔

۵ منتخب انتظامیہ کی معیاد تین سال ہوگی۔

۶ کوئی شخص ایک عہدے پر مسلسل 2 ٹرم سے زیادہ منتخب نہیں ہوگا۔

۷۔ نو منتخب مجلس انتظامیہ کے انتخاب کی بابت رپورٹ پندرہ ایام میں رجسٹریشن اتھارٹی کو ارسال کی جائے گی۔

**دفعہ نمبر ۹**

(الف) بینک جو مجوزہ ادارہ کی رقوم کا امین ہوگا/ ہونگے ------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------------------------

(ب) **مالیاتی ڈسپلن:**

۱ بینک اکاؤنٹ صدر، سیکرٹری جنرل اور سیکرٹری مالیات کے نام کھولا جائے گا۔

۲ بینک سے رقم نکلوانے کے لیے کوئی سے دو احباب چیک پر دستخط کریں گئے۔

۳ مندرجہ بالا بینک اکاونٹ رجسٹریشن اتھارٹی کی پیشگی اجازت سے ہی تبدیل کیا جاسکے گا۔

۴ مبلغ 25 ہزار روپے یا زاہد اخراجات کی صورت میں ادائیگی بینک چیک کے زریعہ کرنا لازم ہوگا۔

۵ سالانہ بینک اسٹیٹمنٹ اور آڈٹ رپورٹ ہر صورت میں 30 دسمبر تک رجسٹریشن اتھارٹی کو ارسال کی جائے گی۔

۶ مالی سال میں جمع شدہ رقم کا صرف چالیس فیصد تک انتظامی اخراجات کے لیے خرچ کیا جاسکے گا۔

۷ بیرونی امداد کی صورت میں، Economic Affaris Division,Govt.of Pakistan، کا NOC لینا ضروری ہوگا۔

۸ ادارہ ہذا مبلغ 50 ہزار روپیہ ہنگامی صورتحال کے لیے مختص کرنے کا پابند ہوگا۔

۹ ادارہ ہذا کی رقوم صرف اس کے اغراض و مقاصد کے لیے استعمال ہوسکیں گی۔

**دفعہ نمبر ۱۰**

**دستور میں ترمیم**

مجلس عام دستور میں ترمیم کے لئے خاص اجلاس بلائے گئی اور کل ارکان کی 4/3 اکثریت سے تجویز شدہ ترمیم کا فیصلہ کرے گی لیکن وہ ترمیم تابع منظوری رجسٹریشن اتھارٹی ہوگی اور منظوری سے قبل قابل عمل نہ ہوگی۔

Scanned with CamScanner

**دفعہ نمبر ۱۱**

**متفرقات:**

۱ ادارہ ہذا کا نام پہلے رجسٹرڈ شدہ ادارہ سے مختلف ہونا چاہیئے نیز لفظ انٹرنیشنل کمپنی یا فرم کا استعمال ممنوع ہو گا۔

۲ ادارہ ہذا پہلے سے ہی حکومت پاکستان یا حکومت ریاست آزاد جموں و کشمیر یا کسی بیرونی ملک میں رجسٹر نہ ہونا چاہیئے۔

۳ ادارہ ہذا کا کوئی بھی ممبر کسی دوسرے ادرہ کا ممبر نہ ہونا چاہیئے۔

۴ کوئی سرکاری ملازم ادارہ ہذا کا ممبر بننے کا اہل نہ ہو گا تا دیر متعلقہ سرکاری ادارہ کا سیکرٹری اس کے حق میں NOC جاری نہ کر دے ۔

۵ ادارہ ہذا کسی بھی غیر رجسٹر ادارہ، خواہ مقامی ہو یا بیرونی، رجسٹریشن اتھارٹی کی منظوری کے بغیر کسی قسم کا معاہدہ کرنے کا اہل نہ ہو گا۔

۶ کوئی ایسا شخص، جو کسی فوجداری مقدمہ یا جرم میں سزا یافتہ ہو، ادارہ ہذا کا ممبر بننے کا اہل نہ ہو گا تا دیر ایسی سزا کو عرصہ پانچ سال نہ ہو چکا ہو۔

۷ ابتدائی طور پر ایک سال کے لیے رجسٹریشن آزمائشی ہوگی۔ اس عرصہ کی تکمیل کے بعد تسلی بخش رپورٹ کی صورت میں مزید عرصہ تین سال کے لیے رجسٹریشن ہوگی۔

۸ ہر تین سال کے بعد رجسٹریشن کی توسیع کروانا لازمی ہو گی۔

۹ ادارہ ہذا اپنے رجسٹریشن سرٹیفکیٹ کی معیاد ختم ہونے پر، ایک ماہ کے عرصہ میں اسکی تجدید کروانے کا پابند ہو گا۔

۱۰ اگر کوئی ادارہ مقررہ مدت پر ختم کرنے کے تین ماہ کے اندر توسیع کے لیے استدعا نہیں کرتا تو رجسٹریشن خود بخود منسوخ ہو گی۔

۱۱ ادارہ ہذا کی رجسٹریشن کی تجدید، متعلقہ سوشل ویلفیئر آفیسر کی سفارش کی روشنی میں، رجسٹریشن اتھارٹی کی منظوری سے تحت ضابطہ ہو گی۔

۱۲ ادارہ ہذا کی مجلس انتظامیہ کے عہدیداران وارکان کی معیاد کارکردگی بذریعہ انتخاب تین سال کے لیے ہوگی

۱۳ تمام امور کا فیصلہ سوائے ان امور کے جن کا اس دستور میں خاص ذکر کیا گیا ہے اجلاس میں موجود ارکان کی کثرت رائے سے ہو گی۔

**تحریک عدم اعتماد**

مجلس عام یا مجلس انتظامیہ کی مجموعی تعداد کے ایک تہائی ارکان کے تحریری مطالبہ پر ادارہ کے کسی عہدیدار یا عہدیداروں کے خلاف تحریک عدم اعتماد صرف مجلس عام کے اجلاس میں اٹھائی جا سکے گی جس کی منظوری کے لئے 3/2 حاضر ارکان کی منظوری لازمی ہو گی۔

**دفعہ نمبر ۱۲**

**رضا کارانہ اختتام:**

اگر ادارہ ہذا کے ارکان ادارہ کا رضا کارانہ ختم کرنا چاھیں تو متعلقہ ارکان کو رضا کار ادارہ جات معاشرتی بہبود **<u>(اندراج انضباط) ایکٹ مجریہ 2019 سیکشن 11,12 کے مطابق ضابطہ کارروائی کرنا ہو گی۔</u>**

ہم زیر دستخطی تصدیق کرتے ہیں کہ مندرجہ بالا آئین بانی ارکان کے اجلاس منعقدہ بتاریخ ------------------------------------------------قبول و منظور کیا گیا۔

دستخط بمعہ تاریخ
سیکرٹری جنرل/ بانی رکن

دستخط بمعہ تاریخ
صدر/ بانی رکن

صدر | سیکرٹری جنرل | سیکرٹری مالیات

Scanned with CamScanner

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ادارہ ہذا کے ارکان اچھی شُہرت کے حامل ہیں۔اور مزید برآں تمام عہدیداران جو کہ انکم ٹیکس ادا کرتے ہیں ان کے انکم ٹیکس سٹیفکیٹ منسلک ہیں۔ ہم یقین دلاتے ہیں کہ بین الاقوامی ڈونر ایجنسیز سے ہونے والے معاہدات سے رجسٹریشن اتھارٹی کو گاہے بگاہئے آگاہ کرتے رہیں گئے۔ہم یقین دلاتے ہیں کہ پندرہ دن کے اندر مجلس انتظامیہ/مجلس عاملہ میں کسی تبدیلی یا دستور میں ترمیم کی بابت یا ادارہ ہذا کے پتہ کی تبدیلی کی اطلاع سے آپ کو مطلع کریں گئے۔مجوزہ ادارہ کے آئین کے چار نقول منسلک ہیں۔

ہم تصدیق کرتے ہیں کہ ذیل میں معلومات/کوائف درست ہیں اور کوئی چیز مخفی نہیں رکھی گئی ہے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱ | ---------------------------------------- | ۲ | ---------------------------------------- |
| ۳ | ---------------------------------------- | ۴ | ---------------------------------------- |
| ۵ | ---------------------------------------- | ۶ | ---------------------------------------- |
| ۷ | ---------------------------------------- | ۸ | ---------------------------------------- |
| ۹ | ---------------------------------------- | ۱۰ | ---------------------------------------- |
| ۱۱ | ---------------------------------------- | ۱۲ | ---------------------------------------- |
| ۱۳ | ---------------------------------------- | ۱۴ | ---------------------------------------- |
| ۱۵ | ---------------------------------------- | ۱۶ | ---------------------------------------- |
| ۱۷ | ---------------------------------------- | ۱۸ | ---------------------------------------- |
| ۱۹ | ---------------------------------------- | ۲۰ | ---------------------------------------- |

تمام بانی ارکان اپنے نام کے آگے اپنے دستخط ثبت فرمائیں۔

## گواہان کے دستخط (بمعہ نام و پتہ)

۱۔ ------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

۲۔ ------------------------------------------------------------------------

------------------------------------------------------------------------

صدر　　　　　　　　سیکرٹری جنرل　　　　　　　　سیکرٹری مالیات

Scanned with CamScanner

# سوشل ویلفیئر ایجنسیز

## نمونہ فارم (الف)

**بخدمت جناب ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر / رجسٹریشن اتھارٹی رضا کار ادارہ جات معاشرتی بہبود آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر**

**جناب! ہم زیر دستخطی ملتمس ہیں کہ رضا کار ادارہ جات معاشرتی بہبود (اندراج وانضباط) ایکٹ مجریہ 2019 اور اس کے تحت بنائے گئے قواعد کے مطابق ہمارے ادارہ کو رجسٹرڈ کیا جائے جس کے کوائف درج ذیل ہیں۔**

۱ ادارہ کا نام۔--------------------------------------------------------------------------------

۲ مکمل پتہ مرکزی دفتر تنظیم۔--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

۳ اغراض ومقاصد (خدمات کی ان ۱۸ اقسام کے حوالے سے ) جو مذکورہ ایکٹ کے جدول سیکشن (2J) میں درج ہیں۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

۴ سرگرمیوں کا علاقہ (محلّہ / شہر / تحصیل / ضلع / آزاد کشمیر تنظیم کا مرکزی دفتر کم از کم تحصیل کی سطح پر ہونا چاہیے۔

--------------------------------------------------------------------------------

--------------------------------------------------------------------------------

Scanned with CamScanner

(۶) مجوزہ مالی وسائل (رقم میں)۔ ------------------------------ (تفصیل علیحدہ صفحہ پر درج کریں)

(۷) (ایگزیکٹو باڈی) مجلس انتظامیہ کے ممبران کے نام، بمعہ ولدیت، پتہ، پیشہ اور شناختی کارڈ نمبر۔

۱۔ ----------------------------------------

۲۔ ----------------------------------------

۳۔ ----------------------------------------

۴۔ ----------------------------------------

۵۔ ----------------------------------------

۶۔ ----------------------------------------

۷۔ ----------------------------------------

۸۔ ----------------------------------------

۹۔ ----------------------------------------

۱۰۔ ----------------------------------------

۱۱۔ ----------------------------------------

۱۲۔ ----------------------------------------

۱۳ ----------------------------------------

۱۴ ----------------------------------------

۱۵ ----------------------------------------

۸۔ نام بینک/ مالیاتی ادارہ جس میں ادارہ کی رقوم رکھی گئیں ہیں۔ ----------------------------------------

ہم ملتمس ہیں کہ رضا کار ادارہ جات معاشرتی بہبود (اندراج و انضباط) ایکٹ 2019 کے مطابق ہمارے ادارے کو رجسٹرڈ کیا جائے۔ ہم یقین دلاتے ہیں پندرہ ایام کے اندر مجلس/انتظامیہ/مجلس عامہ میں تبدیلی، دستور میں ترمیم کی بابت یا ادارہ ہذا کے پتہ کی تبدیلی کی اطلاع سے آپ کو مطلع کریں گے۔ مجوزہ ادارہ آئین کی چار نقول چالان بسلسلہ رقم داخلے خزانہ منسلک ہیں۔

ہم تصدیق کرتے ہیں مندرجہ بالا معلومات/کوائف درست ہیں۔

آپکے مخلص

| | نام بانی اراکین | دستخط | تاریخ |
|---|---|---|---|
| 1۔ | نام صدر ---------------- | ---------------- | ---------------- |
| 2۔ | جنرل سیکرٹری ---------------- | ---------------- | ---------------- |
| 3۔ | سیکرٹری مالیات ---------------- | ---------------- | ---------------- |

تمام بانی اراکین اپنے نام کے سامنے دستخط کریں۔

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ---------------- | ۲ | ---------------- | ۱۵ | ---------------- |
| ۳ | ---------------- | ۴ | ---------------- | | |
| ۵ | ---------------- | ۶ | ---------------- | | |
| ۷ | ---------------- | ۸ | ---------------- | | |
| ۹ | ---------------- | ۱۰ | ---------------- | | |
| ۱۱ | ---------------- | ۱۲ | ---------------- | | |
| ۱۳ | ---------------- | ۱۴ | ---------------- | | |

گواہان کے دستخط نام و پتہ

-1 ----------------------------------------

----------------------------------------

-2 ----------------------------------------

Scanned with CamScanner

## ۹ معلومات برائے رجسٹریشن سوسائٹی/آرگنائزیشن:۔

1 نام و پتہ/ادارہ/سوسائیٹی/ایسوسی ایشن/آرگنائزیشن۔

2 ادارہ/تنظیم کی سرگرمیوں کا دائرہ کار۔

3 ادارہ کا مستقل و عارضی پتہ بمعہ رابطہ/ٹیلیفون/فیکس نمبر وغیرہ۔

4 ادارہ کی خدمات کی اقسام۔

5 تعداد ممبران مجلس انتظامیہ (15) دو گواہان مجلس عاملہ کے ممبران (20)۔

6 ممبران و عہدیداروں کے نام بمعہ ولدیت، مستقل/ عارضی پتہ، پیشہ کی تفصیل اور شناختی کارڈز کی مصدقہ نقول فراہم کریں۔

7 عہدیداروں کے نام چیک کرنا، صدر، نائب صدر اول، نائب صدر دوئم (وومن)، جنرل سیکرٹری، ڈپٹی سیکرٹری جنرل (وومن)، سیکرٹری مالیات، سیکرٹری نشر و اشاعت۔

8 تنظیم کو کسی ذرائع سے عطیات ملے تفصیل بتائیں۔

9 امین بینک کا نام جس میں اکاونٹ کھولا گیا ہے۔

10 تنظیم کا بینک اکاؤنٹ صدر، سیکرٹری جنرل اور سیکرٹری مالیات کے دستخطوں سے چلایا جا رہا ہو بمع بینک اسٹیٹمنٹ، جو بینک سے تصدیق شدہ ہو۔ فراہم کریں۔

11 صدر، سیکرٹری جنرل، سیکرٹری مالیات، بینک منیجر کا تصدیقی مراسلہ منسلک کریں۔

12 رجسٹریشن فیس مبلغ -/500 روپے (نا قابل واپسی) سٹیٹ بینک آف آزاد جموں وکشمیر کے اکاؤنٹ نمبر 101 میں جمع کروا کر چالان فارم کی اصل رسید درخواست کے ہمراہ منسلک کریں۔

13 اسٹام پیپر پر بیان حلفی دیں کہ آپ کی تنظیم خالصتاً غیر سیاسی اور فلاحی تنظیم ہے اور آزاد کشمیر میں اس نام سے پہلے کوئی تنظیم پہلے سے کام نہیں کر رہی ہے۔

14 اگر کوئی بھی ممبر سرکاری ملازم ہے تو NOC دیں اگر نہیں تو اسٹام پیپر پر بیان حلفی دیں۔

15 ہائیرنگ ایگریمنٹ اسٹام پیپر پر دیں۔

16 قرارداد اجلاس تنظیم۔

17 ماڈل دستور کے ہر صفحہ پر صدر، سیکرٹری جنرل، سیکرٹری مالیات کے دستخط ہونے چاہئیں۔

18 متعلقہ ضلع کے سوشل ویلفیئر آفیسر کا تصدیق مراسلہ۔

19 15 ممبران انتظامیہ (ایگزیکٹو باڈی) کے ناموں کے اندراج 20 رکنی مجلس عاملہ (جنرل باڈی) میں بھی کیا جائے۔

20 ماڈل دستور کو پر کرتے وقت کسی قسم کی کٹنگ نہ کریں اور نہ ہی فلوڈ کا استعمال کریں۔

21 ماڈل دستور کو پر کرنے کے لیے نیلا رنگ کا بال پوائینٹ استعمال کریں۔

صدر　　　　　　سیکرٹری جنرل　　　　　　سیکرٹری مالیات

Scanned with CamScanner

☆☆☆☆☆☆☆☆

## نمونہ برائے بیان حلفی

مسمی ( نام بمعہ ولدیت و

پتہ )----------------------------------------------------------------------------------------------------

شناختی کارڈ نمبری-------------------------بحثیت

( عہدہ )----------------------------------------

تنظیم کا نام بمعہ

ضلع--------------------------------------------------------------------------------------------

اقرار کرتا ہوں کہ:

۱۔ ادارہ ہذا صرف اور صرف فلاحی مقاصد کے لیے کام کرے گا۔ جو کہ آئین برائے رجسٹریشن کی دفعہ 4 میں دیئے گئے ہیں۔

۲۔ ادارہ ہذا کسی بھی قسم کی مذہبی یا سیاسی سرگرمیوں میں ملوث نہ ہوگا۔

۳۔ ادارہ ہذا کسی بھی ایسی سرگرمی کا حصہ نہ ہوگا جس سے ریاست آزاد جموں وکشمیر کا پاکستان سے الحاق متاثر ہو۔

۴۔ ادارہ ہذا بلا رنگ و نسل تمام طبقات کے فلاح و بہبود کے لیے کام کرے گا۔

۵۔ ادارہ ہذا کسی بھی دہشتگرد تنظیم یا فرد سے نہ تو چندہ وصول کرے گا اور نہ ہی اپنے فنڈ ایسی سرگرمیوں پر خرچ کرے گا جو ملکی مفاد کے خلاف ہو۔

۶۔ ادارہ ہذا کے ممبران آپس میں رشتہ دار نہ ہیں نیز کوئی سرکاری ملازم ادارہ ہذا کا رکن نہ ہے۔

۷۔ ادارہ ہذا کا ممبر کسی دوسرے تنظیم میں رجسٹرڈ یا غیر رجسٹرڈ ادارہ کے ممبر نہ ہو۔

۸۔ ادارہ ہذا اپنا موجودہ بینک ( بینک کا م نام ) رجسٹریشن اتھارٹی کی پیشگی اجازت سے تبدیل کرے گا۔

۹۔ ادارہ ہذا اپنا خط و کتابت کا پتہ 7 ایام میں رجسٹریشن اتھارٹی کو بتائے گا۔

۱۰۔ ادارہ ہذا کے موجودہ کرایہ نامہ برائے دفتر کی مدت ختم ہونے کے بعد نیاء کرایہ نامہ رجسٹریشن اتھارٹی کو فراہم کرے گا۔

۱۱۔ ادارہ ہذا منظور شدہ آئین میں کوئی تبدیلی رجسٹریشن اتھارٹی کی پیشگی منظوری سے کرے گا۔

۱۲۔ ادارہ ہذا کے قواعد وضوابط میں گاہے بگاہے ہونے والی تبدیلیوں پر عمل کرنے کا پابند ہوگا۔

نوٹ:۔ ( ذیل میں دیا گیا بیان حلفی ادارہ ہذا کا صدر، سیکرٹری جنرل اور سیکرٹری مالیات اسٹام پیپر پر فراہم کریں گے )

Scanned with CamScanner